# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ ابلاغ عامہ)

### وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفیکیٹ یا ڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

### مشقیں جمع کرانے کا اوقات نامہ

| 6 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ | 3 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ |
|---|---|---|---|
| مشق نمبر1 | 15-12-2026 | -- | -- |
| مشق نمبر2 | 08-01-2027 | مشق نمبر1 | 08-01-2027 |
| مشق نمبر3 | 30-01-2027 | -- | -- |
| مشق نمبر4 | 20-02-2027 | مشق نمبر2 | 20-02-2027 |
| نوٹ: ٹیوٹوریل شیڈول (رہنمائے طلبہ) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk پر موجود ہے | | | |

کورس: خبر نگاری (431) سمسٹر: خزاں، 2026ء

سطح: بی اے / ایسوسی ایٹ ڈگری کریڈٹ: 3

### برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

### (ہدایات برائے میٹرک، ایف اے، بی اے پروگرامز)

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

4- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

5- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر: 100

کامیابی کے نمبر(BA): 40

کامیابی کے نمبر(AD): 50

## امتحانی مشق نمبر1

### یونٹ:(1تا4)

سوال نمبر1- خبر کا لغوی اور اصطلاحی مفہوم لکھیں نیز خبر کی مختلف تعریفوں کی روشنی میں خبر کی تعریف اپنے الفاظ میں بیان کریں- (20)

سوال نمبر2- خبری اقدار سے کیا مراد ہے؟ خبر کی تحریر میں اقدار کی کیا اہمیت ہے؟ مفصل نوٹ لکھیں- (20)

سوال نمبر3- خبر کے موضوع یعنی بیٹ سے کیا مراد ہے؟ نیز موضوع کے لحاظ سے خبر کی مختلف اقسام کا اجمالی جائزہ لیں- (20)

سوال نمبر4- خبر کے ڈھانچہ کا مفہوم لکھیں اور خبری ڈھانچہ کی مفصل وضاحت مثالوں کی مدد سے کریں- (20)

سوال نمبر5- درج ذیل پر جامع نوٹ لکھیں- (20)

1- خبر کے عناصر

2- قوانین صحاف

کل نمبر: 100

کامیابی کے نمبر(BA): 40

کامیابی کے نمبر(AD): 50

## امتحانی مشق نمبر2

### یونٹ:(5تا9)

سوال نمبر1- رپورٹر کے فرائض و اوصاف پر جامع نوٹ لکھیں، نیز رپورٹر کی اقسام تحریر کریں- (20)

سوال نمبر2- خبر نگاری کے جدید اسلوب سے کیا مراد ہے؟ نیز خبر نگاری کی ترقی یافتہ صورتوں کا جائزہ لیں- (20)

سوال نمبر3- مکتوب نگاری کی اقسام بیان کریں نیز کسی بھی اہم موضوع پر ایک مکتوب لکھیں- (20)

سوال نمبر4- شہر نامہ، ڈائری، فیچر اور کالم پر مفصل نوٹ لکھیں- (20)

سوال نمبر5- درج ذیل پر جامع نوٹ لکھیں- (20)

1- علاقائی نامہ نگاری کے اصول اور طریقہ کار

2- بین الاقوامی خبر رساں اداروں کا احوال